**21.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........محمد عمار

**Music**

---

☆ انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کا اختتام، نئی دلّی اعلامیے کی منظوری کے ساتھ ہوا۔ 80ملکوں اور بین الاقوامی تنظیموں نے اِس اعلامیے کی توثیق کی۔ AI کے فائدے کی منصفانہ تقسیم اور عالمی تعاون کو فروغ دینے پر زور دیا گیا۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے اترپردیش کے گوتم بدھ نگر میں ایک سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ یونٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے عالمی چپ ایکو نظام میں بھارت کی موجودگی مضبوط ہوگی۔

☆ بھارت اور برازیل نے اہم معدنیات، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور صحت سمیت مختلف شعبوں میں باہمی تعاون بڑھانے کیلئے 10 معاہدوں کا تبادلہ کیا۔

☆ ہوا کے معیار کے بندوبست کے کمیشن نے دلّی–این سی آر علاقے میں صنعتوں کیلئے آلودگی کے اخراج کے سخت معیارات مقرر کیے۔

☆ خواتین کرکٹ میں ایڈیلیڈ میں کھیلے گئے تیسرے اور آخری ٹی–20 میچ میں بھارت نے میزبان آسٹریلیا کو 17رن سے شکست دی اور سیریز دو–ایک سے جیت لی۔

☆ اور مردوں کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں کولمبو میں نیوزیلینڈ اور پاکستان کے درمیان سُپر ۔ 8 کا افتتاحی میچ بارش کے سبب اب تک شروع نہیں ہو پایا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Rev. Vaishnaw AI Summit**

انڈیا اے آئی Impact سمٹ 2026میں مصنوعی ذہانت، AI سے متعلق عالمی اشتراک میں ایک اہم سنگ میل حاصل کرتے ہوئے AI Impact پر نئی دلّی اعلانیہ کو منظوری دی گئی ہے۔ اس اعلانیہ کی کُل 88 ملکوں اور بین الاقوامی تنظیموں نے توثیق کی ہے۔ اس سے اقتصادی ترقی اور سماجی فلاح وبہبود کیلئے AI کو بروئے کار لانے کے بارے میں عالمی سطح پر ایک وسیع تر اتفاق رائے کی عکاسی ہوتی ہے۔

اس سربراہ کانفرنس میں، جو کل اختتام پذیر ہوگئی، دنیا بھر سے بڑے پیمانے پر شرکت کا مشاہدہ کیا گیا۔
"Sarvajan-Hitaya، Sarvajan-Sukhaya" کے اصول سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے،

اعلانیہ میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ AI کے فائدے، پوری انسانیت تک مساویانہ طور پہنچنے چاہئیں۔ اس دوران، قومی راجدھانی میں آج شام India-AI-Impact ایکسپو اختتام پذیر ہوگئی۔اس تقریب میں بڑے پیمانے پر لوگوں نے جوش وخروش سے حصہ لیا جبکہ پانچ لاکھ سے زیادہ لوگ نمائش دیکھنے آئے۔
پیش ہے ایک رپورٹ

**VC Anand Kumar**

اِن ملکوں نے اِس اعلانیے کو ایک ایسے فریم ورک کے طور پر دیکھا، جو رضاکارانہ اور غیر پابند طور پر AI کے جمہوری طریقے سے پھیلاؤ کی راہ ہموار کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، یہ ملکی قوانین سے ہم آہنگ بھی ہے۔ ان ممالک نے اِس کو بھی نوٹ کیا کہ اِس سے تحقیق وترقی اور علم وہنرمندی کو فروغ دینے کیلئے رضاکارانہ طور پر ایک مشترکہ پلیٹ فارم کے طور پر کام کرنے کی سمت پیشرفت ہوگی۔ ممالک نے اِس کا بھی اعتراف کیا کہ ایک پائیدار، اختراع پر مبنی اور مستحکم AI سسٹم تیار کرنے میں یہ اعلامیہ ایک رہنما خطوط کی طرح کام کرے گا۔ اِس کا بھی امکان ظاہر کیا گیا کہ اِس سے اقتصادی ترقی کے کلیدی محرک کے طور پر ایک طویل مدتی عالمی شراکت داری کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔

آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالواحد

## Rev. AI Expo Last Day

انڈیا AI امپیکٹ ایکسپو، جو کئی دنوں پر مشتمل ایک بڑا پروگرام تھا اور جس میں دنیا بھر سے وسیع پیمانے پر شرکت ہوئی، آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں اختتام پذیر ہوگیا۔ انڈیا AI امپیکٹ سمٹ اور ایکسپو میں 100 سے زیادہ ملکوں کے مندوبین، اختراع کار، صنعتی لیڈران اور پالیسی ساز شریک ہوئے، جن میں عالمی ٹیکنالوجی لیڈرز اور اسٹارٹ اپ نمائندے بھی شامل تھے۔ ایکسپو کے آخری دن ہمارے نامہ نگاروں نے پروگرام کے بارے میں تاثرات حاصل کرنے کیلئے اختراع کاروں اور شرکاء سے بات چیت کی۔
پیش ہے ایک رپورٹ...........

**VC Saklen**

شرکاء کی جانب سے پروگرام کے تئیں زبردست جوش و خروش دیکھنے کو ملا۔ پانچ لاکھ سے زیادہ لوگوں نے نمائش میں شرکت کی، مباحثوں میں حصہ لیا اور اپنے ورکشاپس میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے Lexlegis AI کے مینجنگ ڈائریکٹر Sakar ایس یادو نے وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ انہوں نے ملک کے سامنے اُنھیں اپنی مصنوعات پیش کرنے کا پلیٹ فارم فراہم کیا۔

**S/B: Sakar S Yadav**

انڈیا اے آئی امپیکٹ سمٹ اور ایکسپو کا کامیاب انعقاد اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ بھارت عالمی سطح پر AI اختراعات، اشتراک و تعاون اور ذمہ دارانہ ٹیکنالوجی کی ترقی کے ایک اہم مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے۔
نئی دلّی ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

**Rev. PM Foxcomn**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج شام ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اتر پردیش کے گوتم بدھ نگر کے یمنا ایکسپریس وے صنعتی ترقیاتی اتھارٹی علاقے میں HCL-Foxcomn کی مشترکہ ملکیت کے پروجیکٹ ''انڈیا چپ پرائیویٹ لمیٹڈ'' کا سنگِ بنیاد رکھا۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اتر پردیش میں HCL-Foxcomn سیمی کنڈکٹر فیکٹری کا قیام ٹیکنالوجی کے میدان میں خود کفالت کے حصول کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اس سے عالمی چپ ایکو نظام میں بھارت کی موجودگی مستحکم ہوگی۔

اس موقع پر الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ گزشتہ 11 برس میں وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کو الیکٹرانکس کے شعبے میں ایک طاقتور ملک کے طور پر قائم کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ پہلے ملک میں الیکٹرانکس ساز و سامان کی پیداوار کافی کم تھی، لیکن اب ملک میں 12لاکھ کروڑ روپے مالیت کے الیکٹرانکس ساز و سامان کی پیداوار ہو رہی ہے۔x

**Rev. PM Brazil Prez Bilateral**

بھارت اور برازیل نے اہم معدنیات، ڈیجیٹل تعاون، روایتی معلومات کے تبادلے، صحت، MSME، کاروبار اور ذرائع ابلاغ سمیت مختلف شعبوں میں اشتراک کو مضبوط بنانے کے لیے 10معاہدوں کا تبادلہ کیا۔

آج نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی اور برازیل کے صدر لُوئز اِناسیو لولا دا سِلوا کے درمیان دوطرفہ مذاکرات کے بعد اِن معاہدوں کو حتمی شکل دی گئی۔دونوں رہنماؤں نے آئندہ پانچ سال میں دوطرفہ تجارت کو 20 ارب ڈالر سے زیادہ تک بڑھانے کا عزم کیا۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف عالمی لڑائی کو مضبوط بنانے کے اپنے پختہ عزم کا بھی اعادہ کیا۔مشترکہ پریس کانفرنس میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ اہم معدنیات اور نایاب زمینی وسائل سے متعلق معاہدہ مضبوط اور مستحکم سپلائی چین کی تعمیر کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

**S/B: PM Critical Minerals**

نئی دلّی میں بھارت–برازیل کاروباری فورم کے مکمل اجلاس سےخطاب کرتےہوئے تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیرپیوش گوئل نے زور دیکر کہا کہ بھارت اور برازیل کے درمیان تعلقات ایک مضبوط اور کثیر جہتی اسٹرٹیجک شراکت داری پر مبنی ہیں، جو عوام سے عوام کے رابطے اور توسیع پذیر اشتراک سے تقویت حاصل کر رہے ہیں۔ x

**PM Mann Ki Baat**

وزیر اعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر اپنے پروگرام ''من کی بات'' میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 131واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر ہوگا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہِ راست سناجاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سےاِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔

## Amit Shah Assam Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج کامروپ میٹرو ضلع کے Kachutoli میں آسام پولیس کی 10ویں بٹالین کے نئے کیمپس کا سنگِ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ آئندہ پانچ سال میں آسام، بھارت کا صنعتی مرکز بن جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ BJP کے 10سالہ دورِ حکومت میں ریاست میں امن و امان کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے اور بڑے صنعتی گھرانے اب آسام کا رخ کر رہے ہیں۔ وزیر داخلہ نے کانگریس پارٹی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس نے اپنے دورِ حکومت میں آسام کو نظر انداز کیا۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ 10برس میں مرکز نے آسام کے لیے 15لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم مختص کی ہے۔ اس سے قبل وہ، گوہاٹی میں CRPF کے 87ویں یومِ تاسیس کی پریڈ میں بھی شریک ہوئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ملک نے اگلے مہینے کی 31 تاریخ تک نکسلزم کے خاتمے کا عہد کیا ہے۔

**S/B: Amit Shah - Naxal**

## WB Paramilitary Force Deployment

مرکزی وزارتِ داخلہ نے مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات سے قبل نیم فوجی دستوں کی 480 کمپنیوں کو تعینات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ تعیناتی دو مرحلے میں ہوگی۔ پہلے مرحلے میں یکم مارچ 2026سے 240 کمپنیاں تعینات کی جائیں گی جبکہ باقی 240 کمپنیاں 10مارچ 2026 کو تعینات ہوں گی۔ وزارتِ داخلہ نے ریاست کے چیف سیکریٹری، داخلہ سیکریٹری اور ڈائریکٹر جنرل آف پولیس کو خط لکھ کر اس فیصلے سے آگاہ کیا ہے۔ نیم فوجی دستوں کی تعیناتی کا مقصد اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر ریاست میں امن و امان کو برقرار رکھنا ہے۔x

## Jitendra Singh RWANDA

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز، اختراعی نظام اور اگلے سلسلے کے شعبوں جیسے مصنوعی ذہانت (AI)، بایوٹیکنالوجی اور جوہری توانائی میں روانڈا کے ساتھ تعاون کو مزید وسعت دینے کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے یہ بات، نئی دلّی میں روانڈا کی ICT اور اختراع کی وزیر Paula Ingabire کے ساتھ دوطرفہ میٹنگ کے دوران کہی۔ جناب سنگھ نے مزید کہا کہ سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں افریقی ممالک کے ساتھ بھارت کا تعاون بھارت–افریقہ فورم سمٹ کے فریم ورک کے تحت مسلسل بڑھ رہا ہے۔x

## Commerce Minsitry US Tarif

تجارت اور صنعت کی وزارت نے کہا ہے کہ اس نے امریکہ کی سپریم کورٹ کے محصولات سے متعلق فیصلے کا نوٹس لیا ہے اور اس کے اثرات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی اس معاملے پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کیا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ امریکی انتظامیہ کی جانب سے کچھ اقدامات کا اعلان بھی کیا گیا ہے۔

**Rijije BJP Conference**

BJP نے انڈیا AI امپیکٹ سمٹ میں کل انڈین یوتھ کانگریس کے کچھ کارکنوں کے احتجاج پر کانگریس پارٹی کی نکتہ چینی کی ہے۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ آئین، حکومت پر تنقید کی اجازت دیتا ہے، تاہم ملک کے خلاف اس طرح کے اقدامات ناقابلِ قبول ہیں۔

**S/B: Kiren Rijiju**

**Kerala SIR**

چھتیس گڑھ اور کیرالہ نے خصوصی جامع نظرثانی کے ختم ہوجانے کے بعد حتمی انتخابی فہرست شائع کردیا ہے۔ نظرثانی شدہ فہرست کے مطابق چھتیس گڑھ میں کُل ایک کروڑ 87لاکھ 30ہزار 914ووٹ دہندگان کو شامل کیا گیا ہے جبکہ کیرالہ میں دو کروڑ 69لاکھ سے زیادہ ووٹرس کو حتمی ووٹر لسٹ میں شامل کیا گیا ہے۔ ووٹرس، انتخابی کمیشن کی ویب سائٹ پر جاری انتخابی فہرست میں اپنا نام چیک کرسکتے ہیں۔x

**CAQM Direction**

ہوا کے معیار کے بندوبست کے کمیشن CAQM نے آج ایک قانونی ہدایت جاری کی ہے جس کے تحت قومی راجدھانی خطہ دلّی اور آس پاس کے علاقوں میں صنعتوں کیلئے ذرّات کی آلودگی کے اخراج کے سخت معیارات مقرر کیے گئے ہیں تاکہ صنعتی آلودگی پر قابو پایا جا سکے۔ ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کی وزارت کے مطابق کمیشن نے مخصوص صنعتوں کیلئے 50ملی گرام فی نارمل کیوبک میٹر ذرّاتی مادے کے اخراج کا یکساں معیار مقرر کیا ہے۔ x

**Goa Maritime Cnclave**

گوا Maritime کانکلیو کا پانچواں ایڈیشن آج اختتام پذیر ہوگیا، جس میں بھارتی بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی نے بھارتی بحری خطے میں ایک مضبوط اور ٹیکنالوجی پر مبنی بحری تعاون پر زور دیا۔ اختتامی خطاب میں بحریہ کے سربراہ نے بھارت کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ شراکت دار ملکوں کے ساتھ مل کر بحرہند کو ایک محفوظ، پُرامن اور مستحکم بنانے کیلئے کام کرتا رہے گا۔x

**Women's Cricket**

خواتین کرکٹ میں ایڈیلیڈ میں کھیلے گئے تیسرے اور آخری ٹی– 20 میچ میں بھارت نے میزبان آسٹریلیا کو 17رن سے شکست دی۔ اس کے ساتھ ہی بھارت نے سیریز دو–ایک سے جیت لی۔

بھارت نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ اُس نے مقررہ 20اوورز میں 6وکٹ پر 176رن بنائے۔ جواب میں آسٹریلیا کی ٹیم مقررہ 20اوورز میں 9وکٹ پر 159رن ہی بنا سکی۔x

**Cricket**

ICC ٹی–ٹوینٹی عالمی کپ میں پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان کولمبو کے آر–پریم داسا اسٹیڈیم میں کھیلا جانے والا سُپر 8 کا افتتاحی میچ بارش کی وجہ اب تک شروع نہیں ہوسکا ہے۔

اس سے پہلے، پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کا فیصلہ کیا۔

بھارت، کل احمدآباد میں نریندر مودی اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ کے خلاف میچ میں سُپر 8 کی اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔ سُپر 8 کا گروپ ایک، بھارت، زمبابوے، ویسٹ انڈیز اور جنوبی افریقہ پر مشتمل ہے، جبکہ گروپ دو میں پاکستان، سری لنکا، انگلینڈ اور نیوزی لینڈ شامل ہیں۔ ہر ٹیم اپنے گروپ کی تین مخالف ٹیموں کے ساتھ کھیلے گی اور ہر گروپ سے چوٹی کی دو ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچیں گی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆